24.04.2024

13.50 Hrs

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .........کلیم احمد

**Music**

* لوک سبھا چناؤ کے دوسرے مرحلے کے لیے آج شام چناؤ مہم ختم ہونے سے پہلے انتخابی مہم اپنے عروج پر پہنچ گئی ہے۔

* وزیر اعظم نریندر مودی نے بہتر کل کی خاطر پائیدار اور مستحکم بنیادی ڈھانچے کے لیے سرمایہ کاری کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

* دفاعی تحقیق اور ترقی سے متعلق تنظیم ڈی آر ڈی او نے بی آئی ایس معیار کے گولہ بارود کے خطرے سے بچاؤ کے لیے ملک کی سب سے ہلکی بلٹ پروف جیکٹ تیار کی ہے۔

* خراب موسم کی وجہ سے دلی کے اندراگاندھی بین الاقوامی ہوائی اڈے پہنچنے والی 15 پروازوں کو دوسرے شہروں کو جانے کی ہدایت دی گئی۔

* آئی پی ایل کرکٹ ٹورنامنٹ میں آج شام دلی میں ڈیلی کیپٹلس کا مقابلہ گجرات ٹائنٹس سے ہوگا۔x

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

## CAMPAIGNING

لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کے لیے انتخابی مہم آج شام ختم ہوجائے گی۔ سبھی سیاسی جماعتوں کے اعلیٰ رہنما ووٹروں کو اپنے حق میں کرنے کے لیے ایک کے بعد ایک ریلیاں اور روڈ شو کر رہے ہیں۔

کیرالہ میں سبھی 20 سیٹوں، کرناٹک میں 28 میں سے 14، راجستھان میں 25 میں سے 13، اترپردیش اور مہاراشٹر میں آٹھ-آٹھ، مدھیہ پردیش میں سات، آسام اور بہار میں پانچ-پانچ، مغربی بنگال اور چھتیس گڑھ میں تین تین اور تریپورہ اور جموں و کشمیر میں ایک ایک سیٹ کے لیے جمعے کے روز اس مرحلے کے تحت ووٹ ڈالے جائیں گے۔ Outerمنی پور پارلیمانی حلقے کی 13 اسمبلی سیٹوں کی ووٹنگ بھی اسی روز ہوگی۔x

## MODI-ICDRI

وزیر اعظم نریندر مودی نے بہتر کل کی خاطر پائیدار اور مستحکم بنیادی ڈھانچے کے لیے سرمایہ کاری کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ انہوں نے اپنے ویڈیو پیغام کے ذریعہ آفات کے متحمل بنیادی ڈھانچے کے بارے میں چھٹی بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اِس ضرورت پر زور دیا۔ وزیر اعظم اِس طرف توجہ دلائی کہ آفات کو اکثر وبیشتر مالی نقصان کے تناظر میں دیکھا جاتا ہے، جبکہ اِس کا اصل بار مختلف طبقے، کنبے اور عوام کو برداشت کرنا پڑتا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ بنیادی ڈھانچے کے نئے پروجیکٹوں اور آفات کے بعد کے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں میں ان کی پائیداری پر توجہ دی جانی چاہئے۔ یہ کانفرنس آج نئی دلی میں شروع ہوئی ہے اور کل تک جاری رہے گی۔x

## PM-MP

وزیراعظم اور بی جے کے سرکردہ رہنما نریندر مودی آج مدھیہ پردیش کے ایک دن کے دورے پر رہیں گے۔ Sagar اور Harda میں عوامی جلسوں کے بعد وہ بھوپال میں ایک روڈ شو کریں گے۔ اس دوران لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کے تحت 26 اپریل کو مدھیہ پردیش کے چھ لوک سبھا حلقوں میں ووٹنگ ہوگی۔

اِن علاقوں میں انتخابی مہم آج شام چھ بجے ختم ہوجائے گی۔x

## CHATTISGARH- PM- MEETING

وزیر اعظم اور بی جے پی کے اعلیٰ رہنما نریندر مودی نے کہا ہے کہ کانگریس درج فہرست ذاتوں اور قبیلوں کے لیے ریزرویشن کم کرکے مذہبی بنیاد پر ریزرویشن دینا چاہتی ہے۔ انہوں نے یہ بات آج چھتیس گڑھ میں Surguja لوک سبھا حلقے میں امبیکاپور شہر میں ایک جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ کانگریس درج فہرست ذاتوں، قبائلی افراد اور پسماندہ طبقوں کے حقوق آئین تبدیل کرکے اپنے ووٹ بینک کو دینا چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صرف بی جے پی ہی ریزرویشن کو محفوظ کرسکتی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ جو لوگ بھارت کو ایک خود کفیل اور مضبوط ملک نہیں دیکھنا چاہتے وہ اپوزیشن اتحاد کے ساتھ ملک میں ایک کمزور سرکار چاہتے ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ مرکز کی بی جے پی سرکار نکسل ازم اور دہشت گردی کے خلاف سخت کارروائی کررہی ہے، جبکہ کانگریس تشدد پھیلانے والوں کی حمایت کرتی ہے۔X

## DRDO- JACKET

دفاعی تحقیق و ترقی کی تنظیم DRDO نے ملک میں BIS گولہ بارود کے سب سے بڑے خطرے Level 6 سے تحفظ فراہم کرنے کیلئے سب سے ہلکے وزن کی بلٹ پروف جیکٹ کو کامیابی کے ساتھ تیار کیا ہے۔ TBRL چنڈی گڑھ میں اِس بلٹ پروف جیکٹ کی کامیاب آزمائش کی گئی۔ وزارتِ دفاع نے ایک بیان میں کہا ہے کہ یہ جیکٹ نئے ڈیزائن پر مبنی ہے۔ اِس جیکٹ میں نئے مٹیریل کے ساتھ ساتھ نئے طریقۂ کار کا استعمال کیا گیا ہے۔ وزارت نے مزید کہا کہ اِس جیکٹ کا سامنے کی طرف کا Hard Armour Panel (HAP) کئی مرتبہ وار کئے جانے کی صورت میں حفاظت فراہم کرتا ہے۔x

## ARMY CHIEF

فوج کے سربراہ جنرل منوج پانڈے نے کہا ہے کہ آئندہ کے لئے فوج کا نظریہ اُسے ایک جدید، چست، ٹیکنالوجی کو اختیار کرنے والی، خودکفیل اور مستقبل کے لئے تیار فوج میں تبدیل کرنا

ہے۔ انھوں نے کہا کہ تبدیلی کا یہ عمل پانچ پہلوؤں پر مبنی ہوگا، جن میں فوج کی تشکیل نو اور اُس کا زیادہ سے زیادہ مؤثر استعمال، جدید کاری اور ٹیکنالوجی کو شامل کیاجانا، طریقہ کار میں سدھار، انسانی وسائل کا بہتر بندوبست اور معاون خدمات کے ساتھ مربوط کئے جانے کو فروغ دینا شامل ہے۔ جنرل منوج پانڈے آج نئی دلی میں طاقت کے مؤثر استعمال، خودکفالت کے ذریعے افواج کی جدید کاری سے متعلق ایک اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ فوج دفاعی ساز و سامان کی تیاری کے شعبے میں خودکفالت کے ذریعے طاقت کے مؤثر استعمال کی صلاحیتوں کو سمت عطا کررہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ ملک کی مجموعی ترقی اُسی وقت ممکن ہے کہ جب اُس کی جامع قومی طاقت میں نمایاں اور مسلسل بہتری ہوتی رہے۔x

## EAM-ASEAN FUTURE FORUM

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت اِس بات پر مکمل یقین رکھتا ہے کہ ایک مستحکم اور متحد جنوب مشرقی ایشیائی ملکوں کی تنظیم آسیان، بھارت-بحر الکاہل خطے کے اُبھرتے ہوئے علاقائی ڈھانچے میں ایک تعمیری رول ادا کرسکتی ہے۔ مستقبل سے متعلق پہلے آسیان فورم سے ورچوئل طور پر خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا کہ بھارت-بحر الکاہل سمندری پہل اور بھارت-بحر الکاہل سے متعلق آسیان نقطۂ نظر کے درمیان تال میل، جامع سکیورٹی سے متعلق چیلنجوں کو حل کرنے کیلئے باہمی اشتراک و تعاون کا ایک مضبوط ڈھانچہ فراہم کرتا ہے۔x

## NIA-ATTARI DRUG CASE

ایک فیصلہ کن اقدام کے تحت قومی جانچ ایجنسی نے 2022 میں اٹاری سرحد سے منشیات اسمگلنگ معاملے میں کلیدی ملزم کو گرفتار کیا ہے۔ NIA نے اترپردیش کے شاملی کے رہنے والے کلیدی ملزم Tahseem عرف Mota کی گرفتاری کی تصدیق کی ہے۔ NIA نے کہا ہے کہ کسٹمز افسران نے اپریل 2022 میں تقریباً 103 کلوگرام ہیروئن کو ضبط کیا تھا، جس کی مالیت تقریباً 700 کروڑ روپے تھی۔ اِسے اٹاری امرتسر کے راستے افغانستان سے بھارت لایا گیا تھا۔x

## DELHI FLIGHT

قومی راجدھانی میں موسم کے ناموافق حالات کے سبب اندراگاندھی بین الاقوامی ہوائی اڈے سے پندرہ پروازوں کو دوسرے شہروں میں جانے کی ہدایت دی گئی ہے۔ ان پروازوں میں سے 9 پروازوں کو جے پور اور دو کو امرتسر اور لکھنؤ جبکہ ایک ایک پرواز کو ممبئی اور چنڈی گڑھ بھیجا گیا ہے۔ کل شام دلی کے بہت سے حصوں میں بارش ہونے سے قومی راجدھانی میں، موسم میں اچانک تبدیلی ہوئی ہے۔ محکمۂ موسمیات کے مطابق دلی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں کمی آئی ہے اور یہ 36 اعشاریہ آٹھ ڈگری سیلسیس ہو گیا ہے جو معمول سے تھوڑاکم ہے۔ بارش کے ساتھ ساتھ تیز ہوائیں بھی چلیں۔x

## IMD WEATHER

شمال مشرقی بھارت میں اس مہینے کی 29 تاریخ تک دور دور تک اور کہیں کہیں گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے اوسط بارش اور برف باری کا امکان ہے۔ بھارت کے محکمہ موسمیات نے ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اوڈیشہ اور سکم میں اگلے دو سے تین روز کے درمیان بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ مدھیہ پردیش، مہاراشٹر، مراٹھ واڑا اور جنوبی بھارت کے مختلف حصوں میں اگلے تین سے چار روز کے دوران بارش، گرج چمک اور بجلی کا بھی امکان ہے۔

IMDنے مغربی بنگال، اوڈیشہ، کرناٹک، رایل سیما، سکم، تمل ناڈو، جھارکھنڈ، بہار، تلنگانہ، مشرقی اترپردیش، آندھرا پردیش اور یانم کے کچھ حصوں میناگلے پانچ روز کے دوران شدید گرمی رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ اس دوران کل ہلکی بارش اور تیز ہوائوں کے ساتھ دلی کے مختلف حصوں میں موسم خوشگوار ہوگیا۔×

## IPL CRICKET

IPLکرکٹ میں، آج دلی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں شام ساڑھے سات بجے ڈیلی کیپٹلس کا مقابلہ گجرات ٹائٹنس سے ہوگا۔

کل رات چنئی کے ایم۔اے۔چدمبرم اسٹیڈیم میں لکھنؤ سپر جائنٹس نے چنئی سپر کنگس کو چھ وکٹ سے ہرا دیا۔ لکھنؤ نے جیت کے 211 رن کے نشانے کو 19 اوورس اور تین گیندوں میں چار وکٹ کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ Marcus Stoinis کی قیادت میں سپر جائنٹس کو یہ کامیابی حاصل ہوئی جنھوں نے محض63 بال میں ناٹ آئوٹ سینچری بناتے ہوئے 124 رن اسکور کیے۔ Stoinisکو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ اِس سے قبل بلے بازی کرتے ہوئے چنئی سپر کنگس نے 20 اوورس میں چار وکٹ کے نقصان پر 210 رن بنائے تھے۔x

## ARCHERY WORLD CUP

تیر اندازی عالمی کپ 2024 کَل چین کے شہر شنگھائی میں شروع ہوگیا ہے۔ سب سے زیادہ اسکور کرنے والی 3 کھلاڑی Vennam, Swami اور Parneet پر مشتمل بھارتی خواتین ٹیم نے 2 ہزار 118 کے مجموعی اسکور کے ساتھ کوالیفکیشن راؤنڈ میں سب سے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ اِس طرح یہ ٹیم جنوبی کوریا اور میکسیکو سے اوپر مقابلے میں سرِفہرست جوڑی کے طور پر اپنے کھیل کا آغاز کرے گی۔ مردوں کے کمپاؤنڈ کوالیفکیشن راؤنڈ میں کوئی بھی بھارتی کھلاڑی انفرادی مقابلے میں سرِفہرست 10 کھلاڑیوں میں شامل نہیں ہوپایا۔×

## WORLD ATHLETICS

بھارت نے اگلے عالمی ایتھلیٹکس ریلے 2024 ٹورنامنٹ کیلئے 15 رکنی ریلے ٹیم کا اعلان کیا ہے۔ آنے والے پیرس اولمپکس کیلئے کوالیفائنگ مقابلے کے طور پر کام کرنے والا یہ ٹورنامنٹ اگلے مہینے کی 4 اور 5 تاریخ کو Nassau, Bahamas میں منعقد کیا جائے گا۔ یہ ٹیم مرد، خواتین اور مکسڈ زمروں میں 4 x400میٹر ریلے مقابلوں میں بھارت کی نمائندگی کرے گی۔

مردوں کے 4 x400میٹر ریلے کیلئے ایک 8 رُکنی ٹیم کا اعلان کیا گیا ہے۔ اِس ٹیم میں 2023 Hangzhouایشیائی کھیلوں میں سونے کا تمغہ جیتنے والےAmoj Jacob ، محمد انس یحییٰ، محمد اجمل اور راجیش رمیش شامل ہیں۔

اِس ٹیم میں 2018 ایشیائی کھیلوں میں مکسڈ ریلے میں سونے کا تمغہ جیتنے والے Arokia Rajiv, Noah Nirmal, Yashas Palakshaاور اویناش کرشن کمار بھی شامل ہیں۔

خواتین کے 4 x400میٹر ریلے کیلئے ایک 7 رُکنی ٹیم کا اعلان کیا گیا ہے۔ ایشیائی کھیلوں میں متعدد مرتبہ سونے کا تمغہ جیتنے والی M.R. Poovamma خواتین کے 4 x400میٹر ریلے مقابلے کی قیادت کریں گی۔

**مکسڈ 4 x400 ریلے مقابلے میں Vithya Ramraj, Rajesh Ramesh, Jyothika Sri Dandi, Amoj Jacob, Rupal اور Yashas Palaksha ملک کی نمائندگی کریں گے۔**

***